# قواعد کا کردار

## Role of Grammar

- زبان کی تدریس میں قواعد کے کردار کو لے کر ماہرینِ لسانیات میں اختلاف پاتا جاتا ہے۔ وہ قواعد کے کردار اور اس کی تدریس کو الگ الگ نظریات سے دیکھتے ہیں۔
- کچھ ماہرین تعلیم قواعد کو ایک علیحدہ مضمون کی حیثیت سے پڑھانے کی حمایت کرتے ہیں تو وہیں کچھ ماہرینِ تعلیم اسے تدریس و آموزشی عمل کے ایک حصہ کے طور پر دیکھتے ہیں۔
- بچہ اپنی مادری زبان بغیر قواعد کی تعلیم کے ہی سیکھ جاتا ہے۔ قواعد کی ضرورت عموماً ثانوی زبان کی تدریس میں اس کی ساخت کو سمجھنے کے لئے پڑتی ہے

# قواعد کی تدریس کے طریقے

1. استخراجی طریقہ (Deductive Method = निगमन विधि) :- یہ قواعد کی تدریس کا روایتی طریقہ ہے ۔اس کے تحت طلبہ کو پر پہلے تعریفیں اور اصول رٹوائے جاتے ہیں پھر ان کا استعمال کرایا جاتا ہے ۔ بچے بلا فہم رٹتے جاتے ہیں اور یہ عمل انتہائی بوریت اور بوجھ والا ہوتا ہے ۔بچے گرامر یا قواعد کے نام سے نفرت کرنے لگتے ہیں ۔یہ طریقہ نامعلوم سے معلوم کی طرف (From Unknown to Known), اصول سے مثال کی طرف (From Rule to Example) چلتا ہے جو کہ تعلیمی اور بچے کی نفسیات کے بھی مخالف ہے

## 2.استقرائی طریقہ (Inductive = आगमन विधि

Method) :- یہ قواعد کی تدریس کا جدید طریقہ ہے۔اس کے تحت طلبہ کی معلومات کا استعمال کرکے قواعد کی تعلیم دی جاتی ہے۔یہ طریقہ مثالوں سے اصولوں کی طرف (Example to Rule) اور معلوم سے نامعلوم کی طرف گامزن ہوتا ہے جو کہ نفسیات کے عین مطابق ہے اور طلبہ کی دلچسپی برقرار رہتی ہے

## سبق سے متعلق اہم نکات

## Some Important Points About this Chapter

- طلبہ کو قواعد کے سبق الگ سے نہ دیئے جائیں بلکہ انھیں زبان کے اسباق سے ہی مربوط کر دیا جائے
- قواعد کی زبانی مشقیں تحریری مشقوں کے مقابلے زیادہ کرائی جائیں
- ثانوی زبان کے لئے قواعد کی تعلیم مناسب ہے لیکن مادری زبان کی تعلیم میں بالخصوص پرائمری سطح پر اس کا بوجھ لادنا مناسب نہیں
- قواعد پڑھانے کا بنیادی مقصد آموزگاروں کی ترسیلی صلاحیت میں اضافہ کرنا ہے

Haidari Study Point

# گذشتہ سال پوچھے گئے سوالات

1.قواعد کی آموزش آموزگاروں کو کیا بہتر بنانے میں معاون ہوتی ہے ؟

A. صحت و درستگی

B. روانی

C.ذخیرۂ الفاظ

D. خواندگی

جواب :-A. صحت و درستگی

Haidari Study Point

2. ہر زبان کے اپنے قواعد ہیں اور یہ

A. ریاست کے تابع ہوتے ہیں

B. مرکز کے تابع ہوتے ہیں

C. رسم الخط کے تابع ہوتے ہیں

D. اصول کے تابع ہوتے ہیں

جواب :-C. رسم الخط کے تابع ہوتے ہیں

Haidari Study Point

3. ابتدائی آوازوں اور ان کے ملاپ کے بجائے آسان اور سادہ جملوں سے زبان کی تدریس کا آغاز کیا جاتا ہے۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ

A. ترسیل جملوں پر مبنی ہوتی ہے

B. اپنے آپ زبان سیکھنے میں تلفظ کی کوئی جگہ نہیں

C. زبان کی آموزش میں قواعد اور تلفظ یکساں اہمیت رکھتے ہیں

D. ترسیل کی ایک بنیاد قواعد ہے

جواب :- A. ترسیل جملوں پر مبنی ہوتی ہے

4. قواعد سکھانے سے زبان میں کیسی مدد ملتی ہے؟

A. خواندگی

B. اصلاح

C. روانی

D. تعداد

جواب :- B. اصلاح

5. پڑھنے کا "نیچے سے اوپر" اندازِ نظر زور دیتا ہے

A. آواز

B. ہجہ

C. جملہ

D. لفظ

E. حرف

1. A, B, C, D, E
2. A, E, B, D, C
3. B, C, A, E, D
4. A, D, E, B, C

جواب – 2. آواز > حرف > ہجہ > لفظ > جملہ

Haidari Study Point

6. سبق کے اختتام پر استاد طلباء سے مقررہ متن سے مختلف اسموں (اسم معرفہ، اسم نکرہ وغیرہ) کو الگ کرنے اور اپنی کاپیوں میں لکھنے کے لئے کہتا ہے۔ یہ ______ کی مثال ہے۔

A. قواعد کی تدریس

B. قواعد کے وضاحت کی تدریس

C. سیاق میں قواعد

D. قواعد کے اصولوں کے رٹنے

جواب :- C. سیاق میں قواعد

Haidari Student Point

7۔ درج ذیل میں سے کون قواعد پڑھانے کا ایک مؤثر طریقہ ہے؟

A. متن کا ترجمہ کرتے ہوئے قواعد کے اصولوں کی تدریس

B. قواعد کی مخصوص کتاب کی مدد سے قواعد کی تدریس

C. قواعد کے اصولوں کی دریافت میں معاون سیاق میں قواعد کی تدریس

D. مثالوں کے ساتھ قواعد کے اصولوں کی تدریس

جواب :- C. قواعد کے اصولوں کی دریافت میں معاون سیاق میں قواعد کی تدریس

Haidari Study Point

8. تدریس کے کس طریقے میں پہلے قواعد کے اصولوں پر توجہ دی جاتے ہے پھر اسی بنیاد پر بہت سی مثالیں پیش کی جاتی ہیں؟

A.استخراجی طریقہ

B. قواعد کے وضاحت کا طریقہ

C.راست طریقہ

D. استقرائی طریقہ

جواب :- A.استخراجی طریقہ (Deductive Method)

9. استاد کسی ریڈیو کی مدد سے نحوی ساختوں اور قواعد کے اصولوں کا تعارف کراتا ہے۔ لکھنے یا بولتے وقت بہتر ترسیل کے لئے ان ساختوں کا استعمال کرتا ہے۔اس طریق کار کو کہتے ہیں؟

A. تشکیلی ( Constructive )

B. استقرائی (Inductive )

C. استخراجی (Deductive )

D. تخفیفی (Reductive )

جواب :- C. استخراجی (Deductive )

Haidari Study Point

10 . قواعد کو پڑھایا جانا چاہیے :

A. الگ تھلگ

B. اصول رٹا کر

C. عملی مشقوں کے ذریعہ

D. سیاق میں

جواب :- D. سیاق میں

11. قواعد پڑھانے کا بنیادی مقصد ہے :

A. آموزگاروں کی ترسیلی صلاحیت میں اضافہ کرنا

B. آموزگاروں کی علم کو محفوظ رکھنے کی صلاحیت میں بہتری کرنا

C. آموزگاروں کی تفہیم کی صلاحیت کا اندازہ کرنا

D. تلفظ کو بہتر اور درست کرنا

جواب :- A. آموزگاروں کی ترسیلی صلاحیت میں اضافہ کرنا

Haidari Study Point

12. قواعد سکھانے کے موجودہ طریقوں میں زور دیا جاتا ہے :

A. قواعد بذاتِ خود پڑھانے پر

B. قواعدی اصولوں کی مشق پر

C. مختلف قسم کے جملوں کی ساخت یا زمانوں کی شکل پر

D. قواعد اس وقت سکھاتے ہیں جب آموزگار "ایل – 2"(زبانِ دوم ) سیکھنا شروع کریں

Haidari Study Point

جواب :-D. قواعد اس وقت سکھاتے ہیں جب آموزگار "ایل – 2"(زبانِ دوم ) سیکھنا شروع کریں

13. کلاس روم میں ایک ایسا ماحول بنانے کے لئے، جس میں تمام طلبہ اپنے خیالات پوری درستگی سے ظاہر کر سکیں، کہی گئی باتوں کو سمجھ سکیں اور پڑھے جانے والے متن کا تجزیہ کر سکیں، ضروری ہے کہ :

A. زیادہ سے زیادہ الفاظ استعمال کیۓ جائیں

B. ہدف زبان کے ساتھ مادری زبان بھی استعمال کی جائے

C. قواعد کے اصولوں کو یاد کیا جائے

D. نحوی ساختوں اور ان کے استعمال کی سمجھ پیدا کی جائے

جواب :- D. نحوی ساختوں اور ان کے استعمال کی سمجھ پیدا کی جائے

14. ہدف زبان کی قواعد کی تدریس

A. قواعد کو سمجھنے کے لئے ٹکنالوجی کے لازمی تعاون کا بھی تقاضا کرتی ہے

B. آموزگاروں سے حد درجہ توانائی استعمال کرنے کا تقاضا کرتی ہے

C. متن کو جانچتی پرکھتی ہے اور اس بات کی فہم پیدا کرتی ہے کہ زبان ایک نظام پر مبنی ہوتی ہے

D. طلبہ کو زبان استعمال کرنے کی ترغیب دیتی ہے

جواب C. متن کو جانچتی پرکھتی ہے اور اس بات کی فہم پیدا کرتی ہے کہ زبان ایک نظام پر مبنی ہوتی ہے

رَبِّ زِدْنِي عِلْماً
Haidari Study Point

15. زبان کی تدریس میں تناظر اور سیاق بند قواعد سے مراد ہے :

A. مشق، قواعد اور تحریر کے درمیان رشتوں کی نشاندہی کرنے پر زیادہ توجہ دینا

B. قواعد کو پوری طرح کھول کھول کر پڑھنا

C. کسی فطری بات چیت کی ریکارڈنگ سننا تاکہ درستگی برقرار رہے

D. قواعد کی فہم پڑھنے اور سننے میں سرگرمیوں سے خود بخود پیدا ہو جاتی ہے

جواب :-D. قواعد کی فہم پڑھنے اور سننے میں سرگرمیوں سے خود بخود پیدا ہو جاتی ہے

Haidari Study Point

16. "ثانوی زبان کی لسانی صلاحیت عادت کی سطح پر واقع ہوتی ہے" اس سے مراد ہے:

A. مناسب نحوی ساخت اور ذخیرۂ الفاظ والے جملے بنانا

B. آوازوں، لفظوں، فقروں اور معانی کو پڑھایا جانا

C. ایسے جملے بنانا جو اہلِ زبان بولتے ہیں

D. عام بات چیت میں آنے والے جملوں کی بنیادی ساختوں کو یاد کرنا

جواب :- A. مناسب نحوی ساخت اور ذخیرۂ الفاظ والے جملے بنانا

Haidari Study Point

17. صوتیہ (Phonemes) کسے کہتے ہیں؟

A. ترتیب نحوی کی ایک قسم

B. قواعد کی بنیاد

C. کسی زبان کی معنوی اکائیاں

D. کسی زبان کی صوتی اکائیاں

جواب :-D. کسی زبان کی صوتی اکائیاں

Haidari Study Point

18. استاد دیکھتا ہے کہ ثریا اپنے جوابات میں زمانہ ماضی کا استعمال نہیں کر پاتی ہے لیکن استاد کی موجودگی اور ہم جولیوں کی رہنمائی میں زمانہ ماضی استعمال کر لیتی ہے – اس رہنمائی کو کیا کہا جاتا ہے ؟

A. مچان بندی (Scaffolding)

B. فیڈبیک

C. حلِ مسائل

D. کونسلنگ

جواب :- A. مچان بندی (Scaffolding)

Haidari Study Point

19. زبان سیکھنے میں قواعد کی بعض غلطیاں فطری طور پر ہوتی ہیں ۔ایسے میں استاد کو چاہیے کہ وہ :

A. کلاس میں کی جانے والی غلطیوں کو فوراً درست کرے تاکہ طلبہ دوسروں کی غلطیوں سے سیکھ سکیں

B. طالب علموں کو بولنے یا پڑھنے دیں اور پھر غلطیوں کو درست کرے

C. طلبہ کو غلطیاں کرنے دیں کہ وہ فطری ہیں

D. کمزور طلباء کی نشاندہی کرکے انہیں الگ کرکے اور ان کے لئے خصوصی کلاس کرے

جواب :- (*)

Holiday Study Point

20. قواعد کی تدریس سب سے فطری طور پر کارگر ہوتی ہے جب :

A. استاد وقفے وقفے سے مختلف مدتی قواعد کی کلاس لیتا ہے

B. طلبہ اپنی تحریر یا بولنے کی غلطیوں کو خود ٹھیک کرتے ہیں

C. استاد صرف چند ادھر اُدھر کی مہارتیں سکھاتا ہے

D. مشق کے لئے زیادہ وقت دیا جاتا ہے

جواب :- B. طلبہ اپنی تحریر یا بولنے کی غلطیوں کو خود ٹھیک کرتے ہیں

21. جب ایک طالب علم کو زمانہ کی قسموں کو سمجھنے میں دشواری ہو تو اس کا تدارک کیسے کریں گے؟

A. طلباء خود جملے بنائیں اور ٹیچر ان کی سرگرمی میں مدد کریں

B. طلباء کو کلاس روم کے باہر بھی جملوں کی ساخت کی بنیاد پر مشق کروانا

C. اصل زندگی کے مختلف حالات کی مدد سے مشق کرنا

D. مختلف جملوں کی مشق کرنے کے مواقع فراہم کرنا

جواب :- C. اصل زندگی کے مختلف حالات کی مدد سے مشق کرنا

Haidari Study Point

22. گرامر کلاس کے طالب علموں کے لئے کون سا اصول معاون ہے ؟

A. گرامر پر مبنی سرگرمیوں میں مصروف رکھنا جو انہیں غور و فکر کرنے میں معاون و مددگار ہو

B. مثالوں کے ذریعہ کچھ اصول بتائے

C. سرگرمی کو پورا کرنے کے لئے گرامر کے اصولوں کو اراداتاً سوچیں

D. ٹیچر گرامر کی غلطیوں کو نظر انداز کرے

جواب :- A. گرامر پر مبنی سرگرمیوں میں مصروف رکھنا جو انہیں غور و فکر کرنے میں معاون و مددگار ہو

Haidari Study Point

23.. طلباء میں لفظیات / فرہنگ کو فروغ دینے کی سب سے مؤثر حکمتِ ہو سکتی ہے

A. مخصوص سیاق و سباق میں نئے الفاظ کے معنی قیاس کرنا

B. ہر نئے لفظ کے لئے لغت دیکھنا

C. متضاد اور مترادفات کو زبانی یاد کرنا

D. نئے لفظوں کی مدد سے جملے بنانا

جواب :-A. مخصوص سیاق و سباق میں نئے الفاظ کے معنی قیاس کرنا

سیاق و سباق

= Context= संदर्भ سیاق و سباق

Haidari Study Point

24. درج ذیل میں سے کون لفظیات کی آموزش کے لئے مثالی نہیں ہے؟

A. لفظوں کو معانی کے ساتھ سمجھنے کی کوشش

B. صرف مشکل لفظوں کی آموزش

C. ایک ہی موضوع سے متعلق لفظوں کی ایک ساتھ آموزش

D. سیاق میں نئے لفظوں کے معانی قیاس کرنے کے ہنر کی آموزش

جواب :- D. سیاق میں نئے لفظوں کے معانی قیاس کرنے کے ہنر کی آموزش

Haidari Study Point

25. استاد 'صفت' کی تعریف طلباء سے کم سے کم اپنی ایک خوبی بیان کرنے کے لئے کہہ کر کرتا ہے ۔اس طریقۂ کار کو کیا کہا جاتا ہے ؟

A. استقرائی طریقہ

B. استخراجی طریقہ

C. کل طبعی رد عمل (TPT) طریقۂ کار

D. تشکیلی طریقہ

جواب :- A. استقرائی طریقہ ( आगमन विधि = Inductive Method)

Haidari Study Point

M M Ali

7275549890



رَبِّ زِدْنِي عِلْماً
Haidari Study Point